امپائر اسٹیٹ چائلڈ کریڈٹ

آپ کی فیملی کے لیے رقم – ہر بچے کے لیے $1,000 تک حاصل کرنے کے لیے ابھی قدم اٹھائیں

ریاست نیو یارک کے حالیہ طور پر بڑھائے گئے امپائر اسٹیٹ چائلڈ کریڈٹ (Empire State Child Credit, ESCC) کے تحت، ریاست نیو یارک کا انکم ٹیکس ریٹرن جمع کروا کر نیو یارک کے بہت سے گھرانے ہر بچے کے لیے $1,000 تک حاصل کرسکتے ہیں۔ اگر آپ پر ٹیکس واجب الادا نہیں کیونکہ آپ کی کوئی آمدن نہیں ہے یا آپ کی آمدن انتہائی کم ہے تو آپ یہ رقم نقد واپسی کی صورت میں حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ پر ٹیکس کی رقم واجب ہو تو اس کریڈٹ سے ٹیکس کی وہ رقم ادا کی جا سکتی ہے اور آپ کو اضافی نقد رقم بھی فراہم کی جا سکتی ہے۔

کیا میں اہل ہوں؟

اہل ہونے کی شرائط مندرجہ ذیل ہیں:

- آپ پورے سال کے لیے ریاست نیو یارک کے رہائشی ہوں
- 31 دسمبر، 2025 کو آپ کا کم از کم ایک ایسا بچہ ہو جس کی عمر 17 سال سے کم ہو
- ریاست نیو یارک کا انکم ٹیکس ریٹرن فائل کرائیں، طریقہ یہاں جانیں: www.tax.ny.gov/pit/file/

مجھے کتنی رقم مل سکتی ہے؟

آپ 4 سال سے کم عمر ہر بچے کے لیے زیادہ سے زیادہ $1,000 اور 4 سے 16 سال کی عمر کے ہر بچے کے لیے $330 تک حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر شادی شدہ جوڑوں کی مشترکہ فائلنگ (Married Filing Jointly) کے لیے آپ کی آمدن $110,000 سے زیادہ ہو یا دیگر فائلرز کے لیے $75,000 سے زیادہ ہو تو یہ کریڈٹ بتدریج کم کر دیا جاتا ہے۔

اگر میری کوئی آمدن نہ ہو یا آمدن انتہائی کم ہو تو کیا ہوگا؟

اس کریڈٹ کے اہل ہونے کے لیے آپ کا آمدن رکھنا ضروری نہیں ہے۔ اگر آپ کی کوئی آمدنی نہیں ہے یا آپ کی آمدنی $4,000 سے کم ہے تو آپ پر کوئی ٹیکس واجب نہیں ہیں اور ریاست نیو یارک کا انکم ٹیکس ریٹرن فائل کر کے آپ نقد رقم کی واپسی کے طور پر پورا کریڈٹ حاصل کر سکتے ہیں۔

اگر میری آمدن $4,000 سے زیادہ ہے اور مجھے یہ معلوم نہیں کہ آیا مجھ پر کوئی ٹیکس واجب الادا ہے یا نہیں تو کیا ہوگا؟

اگر آپ کی آمدن $4,000 سے زیادہ ہے تو کریڈٹ حاصل کرنے کے لیے ریاست نیو یارک کا انکم ٹیکس ریٹرن فائل کرائیں۔ اگر آپ پر ٹیکس واجب الادا نہیں ہے تو آپ یہ مکمل کریڈٹ نقد واپسی کی صورت میں حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ پر تھوڑی سی ٹیکس کی رقم واجب ہو، تو اس کریڈٹ سے ٹیکس کی وہ رقم ادا کی جا سکتی ہے اور حتیٰ کہ آپ کو کچھ اضافی نقد رقم بھی فراہم کی جا سکتی ہے۔

کیا امپائر اسٹیٹ چائلڈ کریڈٹ وصول کرنے سے میری مراعات ختم ہو جائیں گی؟

نہیں۔ امپائر اسٹیٹ چائلڈ کریڈٹ حاصل کرنے سے آپ کے Medicaid، سپلیمینٹل غذا کے معاونتی پروگرام (Supplemental Nutrition Assistance Program, SNAP)، سپلیمنٹل سیکیورٹی انکم (Supplemental Security Income, SSI)، نقد امداد یا رہائشی معاونت پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ اگر آپ اپنے ریفنڈ کو محفوظ کر لیتے ہیں تو وہ 12 ماہ تک اثاثہ جاتی حدود کے خلاف شمار نہیں ہوگا۔

مجھے یہ کریڈٹ کیسے ملے گا؟

ریاست نیو یارک کا انکم ٹیکس ریٹرن جمع کروا کر اور اپنے ساتھ ساتھ ہر اُس بچے کے لیے درست سوشل سیکیورٹی نمبر (Social Security number, SSN) یا انفرادی ٹیکس دہندہ شناختی نمبر (individual taxpayer identification number, ITIN) فراہم کر کے جسے آپ اپنی ریاست نیو یارک کے ٹیکس فارم IT-213 پر درج کرتے ہیں، اپنا امپائر اسٹیٹ چائلڈ کریڈٹ حاصل کریں۔ ممکن ہے کہ آپ 15 اپریل، 2026 تک اپنا ٹیکس ریٹرن جمع کروانے کے لیے مفت مدد حاصل کر سکیں۔

میں اپنا ٹیکس ریٹرن مفت کیسے فائل کروا سکتا ہوں؟

مفت انکم ٹیکس فائلنگ وسائل محکمہ برائے ٹیکس (Tax Department) کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں: www.tax.ny.gov (تلاش کریں: free)

امپائر اسٹیٹ چائلڈ کریڈٹ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے اسکین کریں۔

otda.ny.gov/ChildCredit

NEW YORK STATE | Office of Temporary and Disability Assistance

Pub-5054-UR (Rev. 02/26)